**PRESS RELEASE**
**For immediate release**
**June 16, 2026**








# ڈاکٹر کبیر احمد سدھو کا کیپیٹل مارکیٹ میں جامع اصلاحاتی ایجنڈے کا اعلان

کراچی، 16 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد کو پچیس لاکھ تک بڑھانے، مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے لیے نئی پراڈکٹ کے اجراء، نوجوانوں میں مالیاتی خواندگی کے فروغ اور پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس کی ترقی کے لیے ایک جامع اصلاحاتی ایجنڈے کا اعلان کیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے پہلے دورے کے موقع پر گونگ بجا کر کاروبار کے آغاز کرنے کے بعد، اپنے خطاب میں ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ ایس ای سی پی کا ہدف سرمایہ کاروں کی تعداد کو مرحلہ وار بڑھا کر 25 لاکھ تک لے جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالخصوص نوجوانوں کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا، بچت کے رجحان کو فروغ دینا اور کاروبار کے لیے سرمائے کی مارکیٹ میں عوامی شمولیت بڑھانا کسی بھی ملک کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا، "مالیاتی خواندگی کیپیٹل مارکیٹس میں عوامی شرکت بڑھانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ ہم نوجوان پاکستانیوں کو سرمایہ کاری اور سرمائے کے حصول کے مواقع فراہم کرنے کے لیے آسان اور قابل رسائی تعلیمی پروگرام متعارف کرا رہے ہیں"۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے بتایا کہ کمیشن کا اصلاحاتی ایجنڈا افراد، نظام اور ٹیکنالوجی کے تین بنیادی ستونوں پر مبنی ہے۔ اس سلسلے میں انسٹیٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس آف پاکستان (IFMP) کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، مختصر آن لائن مالیاتی تربیتی کورسز متعارف کرائے جائیں گے، ملک بھر میں نوجوانوں کے لیے آگاہی پروگرام چلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی آن بورڈنگ کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے انشورنس شعبے میں جاری اصلاحات کا بھی ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ انشورنس کا نیا قانون کا مسودہ پالیمنٹ و بھجوا دیا گیا ہے۔ نیا قانون اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے، کمپیٹیشن بڑھانے اور انشورنس کی شمولیت میں اضافے میں معاون ہو گا۔ اس موقع پر پی ایس ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر فرخ ایچ سبزواری نے کہا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ کیپٹلائزیشن 20 کھرب روپے تک پہنچ چکی ہے جبکہ رواں مالی سال کے دوران 11 آئی پی اوز کامیابی سے مکمل ہوئے، جو گزشتہ 25 برسوں میں تیسری بلند ترین تعداد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایکس میں منفرد سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھ کر 5 لاکھ 63 ہزار ہو گئی ہے جبکہ نوجوان سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی شرکت مارکیٹ کے روشن مستقبل کی عکاس ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنر علی فرید خواجہ نے کہا کہ پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ نے مقامی اور عالمی معاشی چیلنجز کے باوجود غیر معمولی استحکام کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام، ریگولیٹری اصلاحات اور سرمایہ کاروں کے بڑھتے اعتماد نے مارکیٹ کی حالیہ کارکردگی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اصلاحات کے تسلسل، سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافے اور مارکیٹ انفراسٹرکچر کو جدید بنیادوں پر استوار کرنے سے پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس ترقی کے نئے مرحلے میں داخل ہوں گی۔ تقریب کے بعد ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت بھی کی۔ اجلاس میں پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس کی مستقبل کی ترقی سے متعلق اہم اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے چینی اور سعودی مارکیٹس سے منسلک ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز (ETFs) جی ای ایم بورڈ پر نئی کمپنیوں کی فہرست سازی، ڈیریویٹیوز مصنوعات کے فروغ اور مارکیٹ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔

اجلاس میں پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی آپریشنل کارکردگی بہتر بنانے، ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے، انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے اور اوورسیز پاکستانیوں و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پاکستان کی سرمایہ مارکیٹ کی جانب راغب کرنے کی حکمت عملی پر بھی غور کیا گیا۔ ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے بورڈ کو تمام اقدامات کی تکمیل اور پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس کی مزید ترقی کے لیے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ جی ای ایم بورڈ پر نئی کمپنیوں کی فہرست سازی، ڈیریویٹیوز مصنوعات کے فروغ اور مارکیٹ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)**

**PRESS RELEASE**
**For immediate release**
**June 16, 2026**







# Dr Kabir Sidhu Unveils Ambitious Reform Agenda to Expand Investor Base, Deepen Capital Markets

**KARACHI, June 16**: The Chairman, Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), Dr. Kabir Ahmed Sidhu unveiled an ambitious reform agenda aimed at expanding Pakistan's investor base, strengthening financial literacy, and accelerating the development of the country's capital markets during his first official visit to the Pakistan Stock Exchange (PSX). Addressing the Gong Ceremony after ringing the trading bell to mark the commencement of trading, Dr. Sidhu said SECP is targeting a significant increase in the number of investors, with a long-term objective of expanding the investor base to 2.5 million investors. He emphasized that broadening investor participation, particularly among young Pakistanis, is essential for promoting savings, wealth creation, and inclusive economic growth.

"Financial literacy is one of the most powerful tools for expanding participation in capital markets. We want to create opportunities for young Pakistanis to learn, invest, and participate in wealth creation through accessible education and simplified investment processes," said Dr. Sidhu.

The SECP Chairman outlined the Commission's reform agenda built around People, Processes and Technology. He announced plans to revitalize the Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP), launch short online financial education courses, expand investor awareness campaigns across the country, and simplify investor onboarding through digital channels. He also highlighted ongoing reforms in the insurance sector, including a new legislative framework that is expected to modernize the industry, enhance competition, and improve insurance penetration.

Welcoming the SECP Chairman, PSX Managing Director Farrukh H. Sabzwari said PSX has achieved a market capitalization of PKR 20 trillion, average daily trading volumes of 57 million shares, and recorded 11 IPOs this fiscal year, the third highest in 25 years. Yesterday's listing of SLM Tyres Limited was a historic milestone, filling the trading floor with unprecedented energy and reaffirming investor confidence. Our investor base has now expanded to 563,000 unique investor numbers (UINs), with Millennials and Gen Z driving participation through awareness and education initiatives. Globally, Pakistan's markets remain competitive. Over the past three years, PSX has delivered 95%, 57%, and 44% returns, ranking among the top frontier markets.

SECP Commissioner Ali Farid Khawaja said Pakistan's capital market has demonstrated remarkable resilience despite domestic and global economic challenges. He noted that improved macroeconomic stability, regulatory reforms, and growing investor confidence have contributed to strong market performance over the past year. He emphasized that sustaining reform momentum, broadening market participation, and strengthening market infrastructure would be critical to unlocking the next phase of growth in Pakistan's capital markets. Following the ceremony, Dr. Sidhu chaired a meeting of the PSX Board of Directors. The Board discussed key initiatives for the future development of Pakistan's capital markets. Discussions included the launch of Exchange Traded Funds (ETFs) linked to the Chinese and Saudi markets, measures to improve listings on the GEM Board, development of derivatives products, and enhancement of market surveillance systems.

The Board also reviewed proposals to improve operational efficiency across PSX, CDC and NCCPL through better use of technology and human resources. Participants discussed strategies to promote Pakistan's capital market among overseas Pakistanis and foreign investors. Dr. Kabir Ahmed Sidhu assured the Board of SECP's full support in advancing these initiatives and achieving the shared objective of a deeper, more efficient and investor-friendly capital market.